© rasailojaraid.com



ادبیات

# عثمان ذوالنورینؓ

حافظ محمد ابراہیم فانیؔ مدرس دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک

پیکرِ حلم وحیا عثمان ذوالنورین ہیں
منظہر صبر ورضا عثمان ذوالنورین ہیں

جامعِ قرآن ودامادِ نبیؐ جو بے گماں
نازشِ اہل تقیٰ عثمان ذوالنورین ہیں

بیعتِ رضوان اُن کے واسطے آقاؐ نے لی
نورِ چشم مصطفٰے عثمان ذوالنورین ہیں

عقد میں جنکے رہیں حضرت کی صاحبزادیاں
وہ عفیفِ خوش لقا عثمان ذوالنورین ہیں

وحی قرآنِ مبیں ہے ان کی عظمت کی دلیل
بسملِ شمعِ حرا عثمان ذوالنورین ہیں

جن کی مظلومی پہ شاہد گردشِ چرخِ بریں
وہ امیرِ بے لوا عثمان ذوالنورین ہیں

مال ان کا ملتِ بیضاء کے کام آ ہی گیا
صاحبِ جود وسخا عثمان ذوالنورین ہیں

بیئر رومہ کے عوض جنت خریدی، ہیں وہ کون
وہ غنی وہ باوفا عثمان ذوالنورین ہیں

دشمنِ عثمان ہے بیزارِ اصحاب رسولؐ
یارِ محبوب خدا عثمان ذوالنورین ہیں

بر سرِ کوہِ اُحد جن کو بشارت مل گئی
وہ شہیدِ باصفا عثمان ذوالنورین ہیں

ان کی حرمت پر ہے فانیؔ دل توسیعِ حرم
کس قدر درد آشنا عثمان ذوالنورین ہیں

© rasailojaraid.com